15/12/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مُشاہد حسین سے خبریں سُنئے

دورہPM

وزیر اعظم نریندر مودی آج تین ملکوں کے سرکاری دورے کے پہلے پڑاؤ پر اُردن روانہ ہو گئے ہیں۔ وہ اُردن کے شاہ عبداللہ ابن الحسینی کی دعوت پر یہ دورہ کر رہے ہیں۔ روانگی سے قبل ایک بیان میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ وہ شاہ اُردن اور وہاں کی لیڈر شپ کے ساتھ بھارت-اُردن تعلقات کو نئی بلندیوں پر لے جانے کے سلسلے میں بات چیت کریں گے۔

وزیر اعظم وہاں دورے کے دوسرے مرحلے پر وزیر اعظم ایتھو پیا اور عمان کا بھی دورہ کریں گے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے اختراع ، روزگار کے مواقعے اور صنعت کاری پر توجہ دینے جانے کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیمی اقدامات مقامی اور علاقائی ترقیاتی ضررویات کے مطابق ہونے چاہیے۔

لوک بھون سرینگر مینکشمیر یونیورسٹی کی 84ویں یونیورسٹی کونسل میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے مطابق جدید، بین الشعبہ جاتی اور مہارت پر مبنی تعلیمی پروگرام متعارف کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

میٹنگ کے دوران یونیورسٹی سے متعلق کئی اہم تعلیمی اور انتظامی ایجنڈا نکات کو اصولی طور منظوری دی گئی ۔

خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سردار ولبھ بھائی پٹیل کو ان کی برسی پر خرا ج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہاکہ اتحاد ، سالمیت اور قوم کی تعمیر میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کے نظریات مضبوط اور خود انحصار بھارت کی تعمیر میں لگاتار ہماری رہنمائی کر رہے ہیں۔

CM

سرینگر میں مختلف فلیگ شپ اسکیموں بشمول مشن یوا SKICCوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج لیٹرس تقسیم کئے ۔اس موقعے Sanction سے مستفید ہونے والے افراد میں JKCIP اورHADP، پر انہوں نے نوجوانوں کو با اختیار بنانے ، روزگار کو تقویت بخشنے اور شمولیاتی ترقی کے اپنی حکومت کے عزم کو دُہرایا۔

گوئل

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے شری راج کمار گوئل کو آج بھارت کے نئے چیف انفارمیشن کمشنر کی حیثیت سے عہدے اور راز داری کا حلف دلایا۔اس سلسلے میں راشٹرپتی بھون نئی دلی گوئل کا RK آفیسرIASمیں ایک تقریب حلف برداری کا انعقاد ہوا ۔ جموں کشمیر کیڈر کے سابق انتخاب وزیرا عظم نریندر مودی کی سربراہی میں تین رکنی کمیٹی نے عمل میں لایا تھا ۔

کنزر ویشن ڈے

دی انسٹی چیوشن آف انجینئرس انڈیا کے جموں کشمیر سٹیٹ سینٹر کی جانب سے کل سرینگر میں نیشنل انر جی کنزرویشن ڈے منایاگیا ۔اس سلسلے میں ایک سمینار کا انعقاد ہوا جس میں سرکردہ انجینئر، ماہرین تعلیم ، منتظمین ، طلباءاور پیشہ ورانہ افرا شامل ہوئے ۔اس دوران پائیداد ترقی کی رفتار کو جاری رکھتے ہوئے توانائی کی کھپت مینکمی لانے کیلئے عملی طور طریقے اپنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔

تقریب پر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر شاہد اقبال چودھری مہمان کشمیر کی چیف انجینئر عاقب سلطانہ وحید دیوا مہمان ذی وقار کی حیثیت JKPTCLخصوصی جبکہ سے موجودتھیں۔

سرتاج مدنی

PDP کے نائب صدر محمد سرتاج مدنی نے کل کولگام کے کھڈونی علاقے کا دورہ کرکے حالیہ آتش زنی سے متاثر ہوئے افراد کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا۔انہوں نے دورے کے دوران آگ سے ہوئے نقصان کاجائزہ لیتے ہوئے ضلع انتظامیہ کولگام سے مطالبہ کیا کہ آگ متاثرین کی فوری اور بھر پور باز آباد کاری کو یقینی بنایاجانا چاہئے ۔

زبیر سلیم

وادی کشمیر میں سردیوں کے دوران لوگوں کوکئی طرح کے طبی مسائل کا سامنا رہتا ہے۔لوگ سردیوں سے بچنے کیلئے گھروں کے اندر بجلی، گیس ، کوئلہ یالکڑی پر چلنے والی بخاریوں کا استعمال کرتے ہیں ، جس کے نتیجے میں کاربن Monoxide پیدا ہو جاتا ہے اس سے نمٹنے کیلئے مناسب وینٹی لیشن لازمی ہے۔

اس تعلق سے جب ہم نے معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم سے استفسار کیا تو انہوں نے کہا۔

........Dr. Zubair...........

پولیس پٹن

منشیات سمگلروں کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے تریکول بل پٹن سے عاقب احمد ڈار نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتارکیا ہے ۔ا س کے قبضے سے چرس کی کچھ مقدار بر آمد کی گئی ہے۔پولیس نے معاملے کی نسبت ایک FIR درج کرکے مزید تحقیقات شروع کر دی ہے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

....

....

......